سوال

(326) جمعہ کے دن صفوں کو پھلانگنا جائز نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص جمعہ کے دن صفوں کو پھلانگے، اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واجب ہے کہ خطبہ کے دوران صفوں سے گزرنے والوں کو بٹھا دیا جائے، البتہ بات نہ کی جائے بلکہ کپڑا کھینچ کر یا اشارے کے ساتھ انہیں بٹھایا جائے اور افضل یہ ہے کہ یہ کام خود خطیب کرے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ جب آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، تو آپ نے دیکھا کہ ایک شخص لوگوں کی گردنوں کو پھلانگ رہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا:

((اِجْلِسْ فَقَدْ آذَيْتَ)) (سنن ابن ماجہ، اقامة الصلاة، باب ما جاء فی النہی عن تخطی الناس یوم الجمعة، ح: ۱۱۱۵، مسند احمد: ۱۸۸/۴۔)

''بیٹھ جاؤ تم ایذا پہنچا رہے ہو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 325

محدث فتویٰ